Funded by the European Union

Government of Sindh

unicef for every child



# Teacher Training Module: Urdu

## Learning Cycle Two

مہارت "بولنا"

Sindh Technical Assistance – Development through Enhanced Education Programme (STA-DEEP)

Sukkur IBA University

THE AGA KHAN UNIVERSITY

## محترم اساتذہ!

ہم آپ کو مسلسل پیشہ ورانہ ترقی پر مبنی تربیتی پروگرام کے اس نئے مرحلے میں خوش آمدید کہتے ہیں۔ گزشتہ مرحلے میں ہم نے طریقہ ہائے تدریس اور تدریسی مہارات وتدابیر پر توجہ مرکوز رکھی تھی جس نے کمرۂ جماعت میں طلبہ کے سیکھنے کے عمل کو پرلطف بنانے اور طلبہ کو فعال شرکت کا موقع فراہم کرنے کے حوالے سے آپ کی پیشہ ورانہ تدریس مہارتیں بڑھانے میں معاونت کی پروگرام کے اس نئے مرحلے میں ہم طریقہ ہائے تدریس اور تدریسی مہارتوں کی مشق جاری رکھتے ہوئے مضامین ریاضی، سائنس، انگریزی، اردو اور سندھی کے مواد سے متعلق معلومات و مہارات بھی خاص طور پر پیش نظر رکھیں گے۔ یوں ہم کمرۂ جماعت کو تدریسی طریقوں اور مضامین کی موادی معلومات کے امتزاج سے مؤثر و نتیجہ خیز آموزشی ماحول کی جانب مثبت پیش رفت کر سکیں گے۔

### ہمارا نصب العین

ہمارا مشترکہ مقصد سندھ بھر کے اسکولوں میں معیار تدریس بہتر بنانا ہے ہم ایسے طلبہ تشکیل دینے کے خواہاں ہیں جو فعالیت اور باہمی تعاون سے سیکھنے والے ہوں، جو مسائل حل کرنے کے اہل اور اشیاء و تصوّرات پر گہرائی سے غور کرنے والے ہوں اور تفویض کردہ کاموں کو تخلیقیت اور اعتماد کی قوت سے انجام دینے کی صلاحیت رکھتے ہوں۔ ایسے طلبہ ہوں جو مضامین کے مواد و تصوّرات واضح طور پر سمجھیں اور ان تصوّرات کو اپنے ارد گرد کی دنیا سے مربوط کر سکیں۔

بہ حیثیت اساتذہ، ہم اس مقصد کا حصول اُسی وقت ممکن بنا سکتے ہیں جب طریقہ ہائے تدریس اور مضامین کی موادی معلومات میں ربط پیدا کر کے اسے کمرۂ جماعت کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہوں گے۔ مزید یہ کہ ہم ان تربیتی نشستوں کو پیشہ ورانہ بنانے کی جانب رواں دواں ہوں تاکہ مسلسل پیشہ ورانہ تربیت کا یہ پروگرام (CPD) طلبہ کی کارکردگی میں معقول و مثبت تبدیلیوں کا باعث بن سکے۔

## ہمارا فلسفہء تدریس

مسلسل پیشہ ورانہ تربیت (CPD) کے تمام اجلاس بہ شمول تربیتی نشست ہذا باہمی شراکت کے فلسفہء تدریس پر کاربند ہیں۔ جو نہ صرف شرکائے تربیت کو فعالیت اور شراکت پر مبنی آموزش میں مصروف عمل کرتا ہے بلکہ انھیں سیکھے گئے تصّورات اور حاصل شدہ معلومات پر انفرادی و باہمی رد عمل و تاثرات کے اظہار کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔ یوں تمام شرکاء مشق و عمل کے ایک مثبت گروہ میں تبدیل ہو جاتے ہیں۔

اس پروگرام کا مقصد جہاں ایک طرف تدریسی عمل کو بہتر بنانے پر مرکوز ہے۔ دوسری سمت آپ تمام اساتذہ کو مضامین کی موادی معلومات اور تدریسی تدابیر کی عملی مشق کرانا بھی پیشِ نظر ہے جو ہمیں اُس منزلِ مقصود اور نصب العین تک رسائی دے گی جہاں طلبہ سیکھے گئے تصّورات اور حاصل کردہ معلومات کو اپنی روزمرہ زندگی میں بھرپور اعتماد اور مکمل دسترس کے ساتھ استعمال کر سکیں گے۔

## آپ کی معاونت کے لیے

یہ تربیتی کتابچہ کمرۂ جماعت میں آپ کی اعانت و رہ نمائی کے لیے ترتیب دیا گیا ہے۔ یہ آپ کو کمرۂ جماعت میں مضامین کے مواد اور تدریسی تدبیروں کے استعمال سے متعارف کرائے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ کی تدریس کو منظم بنانے اور آپ کو مہارت یافتہ استاد بننے میں معاون و مددگار ثابت ہو گا۔

## اظہارِ تشکّر

یہ کتابچہ آئی بی اے سکھر یونی ورسٹی اور آغا خان یونی ورسٹی دانسٹی ٹیوٹ فار ایجو کیشنل ڈویلپمینٹ کے اشتراک سے پروونشل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیچر ایجو کیشن (PITE) کے زیر ہدایت تشکیل و ترتیب دیا گیا ہے۔اس عمل میں یونیسف(UNICEF) نے SELDسندھ کی تکنیکی اعانت کے تناظر میں بہ ذریعہ فروغ تعلیم کے ارتقائی پروگرام (STA – DEEP) کی تکنیکی اور یورپی یونین (European Union)نے مالی معاونت فراہم کی ہے۔

**ہم درج ذیل معاونین کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرنا چاہتے ہیں:**

| | |
|---|---|
| سید رسول بخش شاہ | ایگزیکٹیو ڈائریکٹر، سندھ ٹیچر ایجو کیشن ڈولپمنٹ اتھارٹی(STEDA) |
| نصرت فاطمہ کلہوڑو | ڈائریکٹر جنرل پروونشیل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیچر ایجو کیشن (PIET) |
| ٹیکم ہرچندانی | ایڈیشنل ڈائریکٹر،ڈائریکٹریٹ آف ٹیچر ٹریننگ انسٹیٹیوشنز سندھ، حیدر آباد |
| ڈاکٹر الطاف حسین سموں | ڈائریکٹر ایگزیکیوٹو ڈولپمنٹ سینٹر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| ڈاکٹر تکبیر علی | ایسوسی ایٹ پروفیسر اینڈ ڈائریکٹر آؤٹ ریچ، آغا خان یونی ورسٹی کراچی |
| پروفیسر محمد وسیم مغل | اسسٹنٹ پروفیسر، ٹیچرز ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ، میرپور خاص |
| اللہ نواز عامر چنا | سینئر انسٹرکٹر، پائٹ سندھ، نواب شاہ |
| محمد سُہیل شیخ | موڈیول ڈیویلپر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| محمد اقبال | ڈپٹی ڈائریکٹر، اسٹیڈا کراچی |
| پروفیسر روبینہ اقبال | اسسٹنٹ پروفیسر، جی ای سی ای (ایم) قاسم آباد، کراچی |

| | |
|---|---|
| ارسلان احمد | موڈیول ڈیزائنر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| عبدالجبار شاہ | موڈیول ڈیزائنر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| سید کامران شاہ | پروجیکٹ مینیجر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| رابعہ بتول | پروجیکٹ مینیجر، سکھر آئی بی اے یونی ورسٹی |
| آصف ابرار | ایجوکیشن اسپیشلسٹ، یونیسیف |
| ڈاکٹر سلیمہ بیگم | ایجوکیشن آفیسر، یونیسیف |
| محمد ذوالفقار علی | ایجوکیشن کنسلٹنٹ، یونیسیف |
| آفتاب احمد نظامانی | اسکول کلسٹرنگ کنسلٹنٹ، یونیسیف |

**حاصلاتِ تعلم:** اس تربیتی نشست کے اختتام پر شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ:






- مہارت " بولنا" پر مبنی درسی سرگرمیوں اور انھیں کمرۂ جماعت میں منعقد کرنے کے قدم بہ قدم مراحل بیان کر سکیں۔
- مہارت " بولنا" پر مبنی تدریسی و آموزشی سرگرمیوں کو درسی کتب سے مربوط کرتے ہوئے عملی مشق کر سکیں۔
- مہارت " بولنا" کی سیکھی گئی سرگرمیوں پر اپنی معلومات و تاثرات کا اظہار کر سکیں۔

## Session Plan یومیہ کارروائی

### Instructional strategies/activities درسی تدابیر/سرگرمیاں

| Materials/resources<br>درکاراشیاء | Activities/learning experiences<br>سرگرمیاں | Objective/purpose of the activity<br>سرگرمی کے مقاصد | Time<br>وقت |
|---|---|---|---|
| <br>نوٹ بک<br>پین/پینسل<br> | **سرگرمی نمبر1: سوچیے، جوڑی بنائیے، سب کو بتائیے (Think – Pair - Share)**<br>1. اساتذہ کو درج ذیل ہدایات دیجیے۔<br>پہلے انفرادی طور پر سوچیں کہ مہارت "بولنا" کی صلاحیت میں اضافہ کرنے کے لیے کیا سرگرمیاں ہوسکتی ہیں؟<br>▪ پھر اپنے خیالات قریبی نشست پر بیٹھے اپنے ساتھی کو بتائیے۔<br>▪ اپنے ساتھی سے گفتگو کرنے کے بعد بولنے کی جو سرگرمیاں آپ کے ذہن میں آئی ہیں انھیں تحریر کیجیے۔<br>▪ آخر میں "بولنا" کی یہ سرگرمیاں جماعت کے تمام شرکاء کو بتائیے۔<br>2. مختصر بحث کے بعد تفہیم کے حتمی نکات نوٹ کیجیے۔<br>3. آخر میں یہ نکات تمام شرکاء کو بتائیے۔ | • اساتذہ کو "بولنے" کی سرگرمیوں کی جانب متوجہ کرنا۔<br> | <br>20 mins |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 25 mins | • اساتذہ کو "بولنے" کی سرگرمیوں کی جانب متوجہ کرنا<br> | <br>سرگرمی نمبر 2: تصویر دیکھیے اور بولیے<br>(Look at the picture & Say)<br>(Interactive Lecture)<br>اساتذہ کو کسی خوب صورت منظر کی تصویر دکھایئے۔<br>1. ان سے کہیے کہ بتائیں! اس تصویر میں کون کون سی چیزیں ہیں؟ اور تصویر میں کیا کیا ہو رہا ہے؟<br>2. اساتذہ کو تصویر دیکھنے اور سوچنے کا وقت دیجیے پھر چند منتخب اساتذہ سے تصویر پر پانچ پانچ جملے بولنے کے لیے کہیے۔<br>3. جب منتخب اساتذہ تصویر پر اپنا اظہار کر چکیں تو ان سے پوچھیے کہ اس عمل میں زبان کی کون سی مہارت کار فرما تھی؟<br>4. اساتذہ سے جواب لیجیے اور بتایئے کہ "اپنے خیالات، معلومات، احساسات اور جذبات کا زبانی اظہار "بولنا" کہلاتا ہے۔"<br>بولنے کے عمل میں ذخیرۂ الفاظ، تلفظ، لب ولہجہ، رفتار اور آواز کا اتار چڑھاؤ اہم پہلو ہیں۔ یہ اہم پہلو طلبہ کو سکھانا ضروری ہیں تاکہ ان کا اندازِ تکلّم مؤثر و موزوں بنایا جا سکے۔ | <br> |

| | | | |
|---|---|---|---|
| <br>40 mins | • زیر تربیت اساتذہ کو مہارت "بولنا" کی مختلف تدریسی و آموزشی سرگرمیاں سے آگاہ کرنا۔<br> | <br>**سرگرمی نمبر 3: مواد/متن Input**<br>1. اساتذہ سے دریافت کیجیے کہ کمرۂ جماعت میں طلبہ کے بولنے کی اہلیت کو فروغ دینے میں کون کون سی دل چسپ سرگرمیاں منعقد کی جاسکتی ہیں؟<br>2. اساتذہ کے جوابات نکات وار تختۂ تحریر پر لکھتے جایئے۔<br>3. آخر میں درج ذیل سرگرمیوں اور ان کے قدم بہ قدم اقدامات کی وضاحت کیجیے۔<br>❖ طلبہ سے گفتگو کرنا اور ان کے ارد گرد کے ماحول سے متعلق چھوٹے چھوٹے سوالات کرنا۔<br>❖ کاغذی چہرے بنا کر بولنے کی مشق کرانا مثلاً "آم" کی شکل کا نقاب (Mask) چہرے پر لگا کر آم کے بارے میں بتانا کہ میں آم ہوں، میرا رنگ پیلا ہے وغیرہ۔۔<br>❖ طلبہ کی گفتگو ریکارڈ کرنا<br>❖ رول پلے کے ذریعے<br>❖ پیغام رسانی کے ذریعے<br>❖ طلبہ سے ان کے مشاہدات اور تجربات کے بارے میں بات کرنا<br>❖ مترنم نظمیں یاد کروا کر سننا<br>❖ زبانی کہانی مکمل کرنا | <br><br><br> |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | ❖ غیر رسمی گفتگو کے مواقع فراہم کرنا مثلاً: طلبہ گھر یا راستے میں پیش آنے والی کوئی دل چسپ باتیں اپنے ساتھیوں کو بتائیں۔<br>❖ پسندیدہ ٹی وی پروگراموں پر گفتگو کروانا<br>❖ مکالمے ادا کرانا | |
| 10 mins | | **BREAK** | |
| <br>30 mins | • اساتذہ کو "بولنے" کی مختلف درسی سرگرمیوں کی عملی مشق کا موقع فراہم کرنا | <br>سرگرمی نمبر 4: مشق (Practice)<br>گروہی سرگرمی (Group Activity)<br>1. اساتذہ کو پانچ گروہوں (Groups) میں تقسیم کیجیے۔<br>2. ہر گروہ (Group) کو درسی کتب سے منتخب مہارت "بولنا" کی سرگرمیاں تفویض کیجیے اور ہدایت دیجیے کہ ؛<br>اپنے گروپ میں بولنے کی تفویض کردہ سرگرمی پر غور کریں اور ایک دوسرے سے تبادلۂ خیال کریں۔<br><br>▪ منتخب کردہ سرگرمی کے انعقاد کے مراحل قدم بہ قدم لکھیں۔<br>▪ ان مراحل کی بنیاد پر اپنے گروپ میں منتخب کی گئی سرگرمی کی مشق کیجیے۔ |  |

<table>
<tr>
<td></td>
<td></td>
<td>
گروپ نمبر 1 — (اردو درسی کتاب، پہلی جماعت، سر گرمی نمبر ۱- صفحہ ۱۱)<br>
گروپ نمبر 2 — (اردو درسی کتاب، چوتھی جماعت، برائے اساتذہ کی پہلی ہدایت پر سر گرمی صفحہ ۷۵)<br>
گروپ نمبر 3 — (اردو درسی کتاب، چھٹی جماعت، طلبہ نظم "وطن کی شان" یاد کر کے سنائیں صفحہ ۳۲)<br>
گروپ نمبر 4 — (اردو درسی کتاب، ساتویں جماعت، طلبہ شہری اور دیہی زندگی کی خوبیاں کریں صفحہ ۶۸)<br>
گروپ نمبر 5 — (اردو درسی کتاب، دوسری جماعت، محترمہ فاطمہ جناح- صفحہ ۳۲)
</td>
<td></td>
</tr>
<tr>
<td><br>40 mins</td>
<td>• اساتذہ کو "بولنے" کی مختلف درسی سر گرمیوں کی عملی مشق کا موقع فراہم کرنا<br></td>
<td>
سر گرمی نمبر 5: پیش کش (Presentation)<br>
1. بیس منٹ بعد ہر گروہ سے پیش کش (Presentation) کرائیے۔<br>
2. ہر پیش کش (Presentation) کے بعد پہلے اساتذہ سے بازرسی (Feedback) لیجیے اور آخر میں اپنی تعمیری بازرسی مہیا کیجیے۔ جس میں بولنے کی مہارت کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کیجیے۔<br>
3. اساتذہ کو چند مزید دل چسپ سر گرمیوں سے متعلق لرننگ سائیکل (Learning Cycle) سے متّصل (Attached) ہینڈ آؤٹس دیجیے کہ ان سر گرمیوں کو پڑھیں اور اپنے قریب بیٹھے ساتھیوں کو بتائیں۔<br>
<br>
</td>
<td><br></td>
</tr>
</table>

| | | | |
|---|---|---|---|
| <br>15 mins | • اساتذہ مہارت "بولنا" کی تدریس و آموزشی سرگرمیوں پر اپنی معلومات اور تاثرات کا اظہار کریں گے۔<br> | **سرگرمی نمبر 6: اختتامی سرگرمی/اعادہ (Concluding Activity)**<br>1. پانچ پرچیوں پر درج ذیل ہدایات لکھیے۔<br>❖ کوئی نظم ترنم سے زبانی پیش کیجیے۔<br>❖ کوئی نظم تحت اللفظ سے زبانی پیش کیجیے۔<br>❖ چند مکالمے جذبے اور تاثر کے ساتھ ادا کیجیے۔<br>❖ کاغذی چہروں کی مدد سے معلومات و تصورات کا اظہار کیجیے۔<br>مثلاً: انار کا کاغذی چہرہ بنا کر اپنے چہرے پر لگانا اور پھر "انار" کے بارے میں معلومات پیش کرنا وغیرہ۔<br><br>2. کوئی مختصر کہانی تاثرات سے زبانی پیش کیجیے۔<br>3. اب اساتذہ کو ایک ایک کر کے بلائیے اور ان سے کہیے کہ ایک پرچی اُٹھائیں۔ پرچی پر جو ہدایت درج ہو اس کے مطابق جماعت کے سامنے عملی مظاہرہ کریں۔ |  |

# کاغذی چہرے



1. میں آم ہوں
2. میرا رنگ پیلا ہے۔
3. میرا ذائقہ میٹھا ہے۔
4. میری بہت سی قسمیں ہیں

مثلاً: سندھڑی، چونسہ، لنگڑا، سرولی وغیرہ



1. میں انار ہوں
2. میرا رنگ لال ہے۔
3. میں کھٹّا میٹھا ہوں۔
4. میں ٹھنڈے علاقوں میں پیدا ہوتا ہوں۔

## مکالمہ



(احمد اپنے دوست علی سے کہتا ہے)

**احمد:** تم بڑے ہو کر کیا بننا چاہتے ہو؟

**علی:** میں بڑا ہو کر ایک فوجی جوان بننا چاہتا ہوں

**احمد:** تم فوجی جوان کیوں بننا چاہتے ہو؟

**علی:** پاکستان ہمارا پیارا وطن ہے۔ میں اپنے وطن کے لیے جان بھی قربان کر سکتا ہوں میں بڑا ہو کر فوجی بنوں گا۔ ہمارے فوجی جوان ہمت، دلیری، عظمت اور جرأت کی عظیم علامت ہیں۔ میں ان جیسا بہادر بننا چاہتا ہوں۔

## لطیفہ

ایک شخص نے ڈاکٹر سے کہا کہ: ہمارا وزن بہت بڑھ گیا ہے۔

ڈاکٹر: تم روزانہ دس کلومیٹر پیدل چلا کرو۔

ایک سال بعد اس شخص نے ڈاکٹر کو فون کیا اور کہا کہ: ڈاکٹر صاحب وزن تو کافی کم ہو گیا ہے مگر میں دبئی پہنچ گیا ہوں۔۔۔

ابھی ادھر ہی رک جاؤں یا آگے لندن کی طرف نکل جاؤں؟؟؟

